14 اگست 2025 Date:______ # اسلامیات Day:______

اسلام کیا ہے؟ اسلام کی نمایاں خصوصیات بیان کریں؟

## تعارفِ اسلام:-

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے
اپنی مرضی سے اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے اسلام میں داخل ہو جانا دینِ اسلام کہلاتا ہے۔
سورہ بقرہ کی آیت نمبر 256 میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

"لا اکراہ فی دین"

## مفہوم:-

"آج ہدایت کو گمراہی کے راستے سے الگ کر دیا ہے" (سورہ بقرہ 256)

اسلام ایک ایسا دین ہے جو ہمیشہ رہنے والی حقیقتوں کے مجموعے کا نام ہے۔ جنہیں اللہ تعالیٰ نے انسان کی ہدایت کیلئے انبیاءؑ کے ذریعے سے بیان فرمایا۔ اسلام کسی ایسے مذہب کا نام نہیں ہے جو صرف انسان کی نجی اور انفرادی زندگی کی اصلاح کا داعی ہو اور جس کا کل سرمایہ حیات کچھ عبادات، چند اذکار اور مٹھی بھر رسوم پر مشتمل ہو بلکہ یہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو خدا اور اسکے آخری نبیؐ کی ہدایت کی روشنی میں زندگی کے تمام شعبوں کی تعمیر کرتا ہے اور پوری زندگی کو سنوارنے کیلئے ہدایت کا ایک مکمل نظام بھی پیش کرتا ہے۔

Date:________ Day:________

# احادیث کی رو سے اسلام :-

اسلام دو چیزوں کے مجموعے کا نام ہے کہ انسان سب سے پہلے اللہ کی گواہی دے اور اس کے رسول کی گواہی دے۔ اور جب انسان اللہ اور رسول کی گواہی دے دے تو ارکان اسلام پر عمل کرے۔ پیغمبر نے نماز کی اہمیت کے بارے میں بتایا تھا کہ ایک مومن اور کافر میں فرق قائم کرنے والی چیز نماز ہے۔ حضرت عمر بن خطابؓ نے فرمایا۔

ترجمہ:-

"جو شخص نماز چھوڑ دے اس کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں۔" (امام مالک: 6)

اسلام کی تعریف ڈاکٹر حمید اللہ نے کچھ ایسے کی ہے

"اسلام ایک توحید پرست دین ہے جو کہ رسولؐ پر نازل ہوا۔"

مولانا صدر الدین اصلاحی اپنی کتاب "اسلام ایک نظر میں لکھتے ہیں۔ کہ اسلام دو چیزوں کے مجموعے کا نام ہے۔

"اسلام عقائد اور عبادات کے مجموعے کا نام ہے"

اسلام ایک عالمگیر دین کا نام ہے کیونکہ یہ ہمیں زندگی کے ہر حوالے سے مکمل ہدایت فراہم کرتا ہے

Date: ______ Day: ______

اسلام نہ تو صرف ایک محدود وقت کیلئے آیا ہے نہ محدود جغرافیائی حدود، نہ محدود لسانی گروہ بلکہ اسلام پوری عالم انسانیت کیلئے آیا ہے۔ ایک مشہور عالم ڈاکٹر اسرار احمد کے مطابق اسلام ایک ہمہ گیر اور انقلابی نظام حیات ہے یہ صرف مذہب اور عبادات تک محدود نہیں بلکہ انسانیت، معیشت، اور اخلاقیات کے تمام پہلوؤں کو اللہ کی حاکمیت کے تابع کرنے کا نام ہے اسلام کا مقصد انسانی زندگی کے ہر گوشے میں اللہ کی مرضی کو نافذ کرنا ہے۔

## اسلام کی نمایاں خصوصیات:

### عقیدہ توحید:

توحید کلمے کا پہلا حصہ ہے یہ اسلام کا پہلا سبق ہے اور لازمی عقیدہ ہے۔ ہماری تمام رسومات توحید کی وجہ سے ہیں۔ اسلام کی بنیاد اللہ کی واحدانیت پر ہے۔ توحید انسان کو ہر طرح کی غلامی سے نجات دلا کر صرف اللہ کا بندہ بناتی ہے۔ علامہ شبلی نعمانی اپنی کتاب سیرۃ النبی میں لکھتے ہیں۔ "توحید اسلام کا پہلا سبق ہے" ایک اور حدیث ہے "اسلام ایک قلعے کی مانند ہے اور اس قلعے میں داخل ہونے کا دروازہ توحید ہے" (احادیث)

Date:________ Day:________

عقیدہ رسالت:-

اسلام کی دوسری اہم خوبی عقیدہ رسالت ہے اور یہ ہمارے کلمے کا دوسرا حصہ ہے اسلام کی اہم خوبی عقیدہ رسالت میں ختم نبوت ہے سورہ احزاب کی آیت نمبر ۴۰ میں اللہ فرماتے ہیں

"محمد تم میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں اور وہ اللہ کے آخری نبی ہیں۔" (سورہ احزاب 33:40)

نبوت ملنے کے بعد نبیؐ نے کہا کہ

"بیشک مجھے انسانیت کے لیے ایک معلم بنا کر بھیجا گیا ہے"

سورہ نجم میں اللہ فرماتے ہیں۔

"نبی کبھی خود سے بات نہیں کرتے ہیں نبی ہمیشہ وہی تعلیمات دیتے ہیں جن کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوتا ہے۔" (سورہ نجم 53:3-4)

ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتے ہیں۔

"حضورؐ کو اسوہ حسنہ بنا کر بھیجا گیا ہے"

(سورہ احزاب 33:21)

ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کے آخری نبی زندگی گزارنے کیلئے بہترین نمونہ ہیں۔

عظمت انسانیت کا تحفظ:-

اسلام کی تیسری خوبی عظمت انسانیت کا تحفظ ہے اسلام سے پہلے کسی

Date:________ Day:________

تفریق کے دوری انسانیت کا تحفظ کیا۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

"میں نے انسان کو اپنا خلیفہ بنایا"

سورہ بقرہ (2:30)

سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر 70 میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

"یقیناً ہم نے اولاد آدم کو عزت سے نوازہ ہے"

اللہ تعالیٰ نے انسان کو تمام انسانیت پر فوقیت دی ہے۔ اور انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ قرآن میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"عزت اور ذلت اللہ کے ہاتھ میں ہے"

(سورہ العمران 3:26)

اسلام مکمل ضابطہ حیات:-

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے کیونکہ یہ زندگی گزارنے کے ہر شعبے میں مکمل ہدایت فراہم کرتا ہے اسلام ہمیں انفرادی زندگی میں بھی مکمل ہدایت فراہم کرتا ہے بچے کی پیدائش کے وقت سے لے کر بڑے ہونے تک اور جب بچہ 7 سال کا ہو جاتے تو اس کو مسجد بھیجنے تک مکمل آگاہی دیتا ہے۔ پھر اسلام ہمیں کردار سازی کے بارے میں بتاتا ہے اور ہمیں علم کی تاکید کرتا ہے اور حضور ﷺ جیسی زندگی گزارنے اور ان

Date:________ Day:________

کی سیرت پر عمل کرنے کی ہدایت دیتا ہے۔
ایک حدیث ہے۔
"علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے"
اسلام ہمیں رزق حلال حاصل کرنے کا بھی طریقہ بتاتا ہے۔ اسلام ہمیں خاندانی زندگی کے حقوق کے بارے میں بھی مکمل ہدایت فراہم کرتا ہے۔
اسلام ہمیں اجتماعی زندگی میں بھی ہدایت فراہم کرتا ہے۔ جیسے حقوق العباد، سیاسی اور معاشی نظام، نظام انصاف، بین الاقوامی معاملات پر مکمل رہنمائی فرماتا ہے۔

## انسانیت کا فروغ :-

اسلام کی پانچویں خوبی انسانیت کا فروغ ہے۔ اسلام ایک ایسا دین ہے جو پوری عالمی دنیا کیلئے آیا ہے اور اسلام ہمیں اچھے اخلاق کا درس دیتا ہے۔
ایک حدیث ہے۔
"مومنوں میں کامل ایمان والے وہ ہیں جو اخلاق کے اعلیٰ درجوں پر فائز ہیں"
ایک جگہ اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتے ہیں

Date:________ Day:________

اسلام ہمیں زکوۃ دینے کا درس دیتا ہے زکوۃ پر پہلا حق ہمارے اپنوں کا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن میں ارشاد فرماتے ہیں۔

"ان کے مال سے صدقہ لے تاکہ اس کے ذریعے انہیں پاک اور بابرکت کر دے" (التوبہ:103)

زکوۃ معاشرے کے غریب افراد کی ضروریات پوری کرتی اور ہماری چارہ اور عدل قائم کرتی ہے۔ طبی سہولیات کی فراہمی بھی انسانیت کو فروغ دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن میں ارشاد فرماتے ہیں۔

"ایک انسانیت کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے اور ایک انسان کی جان بچانا پوری انسانیت کی جان بچانے کے برابر ہے۔ حدیث قدسی کے الفاظ ہیں۔

"اللہ تعالیٰ اس انسان سے بھی ناراضگی کا اظہار کرتے ہیں جو خود کبھی کسی بیمار کی عیادت کے لیے نہیں جاتا۔" فلاح و بہبود کے کام کرنا بھی انسانیت کو فروغ دیتا ہے۔ جامعہ الہذر یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر وسیع اللہ عباس اپنی کتاب میں لکھتے ہیں۔

"صدقہ جاریہ کے کام کرنا یا رفع عامہ کے کام کرنا"۔

انسانی حقوق پورے کرنا بھی عبادت ہے خطبہ حج الوداع کے موقع پر حضور نے فرمایا۔

Date:________ . Day:________

کہ کوئی گورے کو اجی اور اجی کو گورے پر کو فوقیت نہیں ہے"

اسلام ہمیں مخلوقات کے بارے میں بھی ہدایت دیتا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا

"سرسبز درخت لگانا بہترین صدقہ جاریہ ہے۔"